مدیر الحق سے حقانیہ کے نصاب تعلیم افغانستان کی صورتحال اور پاکستان اور عالم اسلام کی مجموعی صورتحال پر سیر حاصل گفتگو کی۔

## عالمی قراء کی دارالعلوم آمد اور ایوان شریعت ہال میں قرأت

دارالعلوم حقانیہ ایک عالمی ادارہ ہے جہاں سیاسی، مذہبی اور علمی اور عالمی شخصیات وقتاً فوقتاً تشریف لاتی رہتی ہیں۔ اسی سلسلے میں ان دنوں پاکستان کے دورے پر بین الاقوامی قراء کی ایک جماعت پاکستان آئی ہوئی ہے انہوں نے مختلف شہروں میں فن قرأت کا مظاہرہ کیا۔ اس سلسلے میں آپ حضرات دارالعلوم بھی تشریف لائے اور حضرت مولانا شیر علی شاہ صاحب مدظلہ کی معیت میں ایوان شریعت ہال میں طلباء دارالعلوم کے سامنے فن قرأت کا شاندار مظاہرہ کیا۔ ان قراء حضرات میں سب سے نمایاں عالم اسلام کے ممتاز و مشہور قاری عبدالباسطؒ کے صاحبزادے قاری یاسر عبدالباسط عبدالصمد۔ شیخ قاری عبداللطیف مدرس مسجد نبوی اور ایران، مصر، سعودی عرب اور پاکستان کے معروف قراء بھی شامل وفد تھے۔ ان لوگوں نے دارالعلوم میں کچھ وقت گزارا اور دارالعلوم کی کارکردگی کو سراہا۔

## دارالعلوم کے اساتذہ کرام کا سفر حج:

استاد حدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب مدظلہ، مولانا حامد الحق، مدیر الحق مولانا حافظ راشد الحق بمعہ اہل وعیال و مولانا حافظ عرفان الحق، مولانا حافظ لقمان الحق اور دارالعلوم کے قدیم خادم محمد شریف وغیرہ نے اس سال حج کی سعادت حاصل کی۔ آپ حضرات گزشتہ ماہ کی مختلف تاریخوں میں خیر و عافیت کے ساتھ وطن واپس تشریف لائے۔

## دارالعلوم کے طلباء کا دوسرا امتحانی جائزہ:

اساتذہ کرام کی مشاورت سے امتحانات کے بارے میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ بجائے سہ ماہی اور ششماہی امتحانات کے ایک امتحان طلبہ سے وسط سال میں لیا جائے گا۔ اور متبادل کے طور پر ہر ماہ طلباء کی استعداد اور کوشش و محنت کا جائزہ لینے کے لئے ہر ماہ ایک تفصیلی ٹسٹ امتحان لیا جائے گا۔ چنانچہ ۱۱ ۱۲/ مارچ کو دارالعلوم کے تمام درجات کا جائزہ امتحان لیا گیا تاکہ طلباء امتحان کی تیاری کے سلسلے میں غافل نہ ہوں اور ان کی تیاری جاری ہے۔

## دارالعلوم کے انتہائی مخلص جناب میاں حضران بادشاہ صاحب کے لئے دعائے صحت کی اپیل

دارالعلوم کے انتہائی قدیم، مشفق اور مخلص جناب میاں حضران صاحب ان دنوں لاہور کے ایک ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ آپ کے دل کا بائی پاس کا آپریشن ہوا ہے۔ الحمدللہ اب طبیعت پہلے سے کافی بہتر ہے۔ قارئین الحق اور دارالعلوم کے فضلاء سے آپ کیلئے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اس کے علاوہ دارالعلوم کے سابق شعبہ حفظ کے مدرس قاری رمضان صاحب کی والدہ ماجدہ کا انتقال گزشتہ دنوں ہوا۔ مرحومہ کیلئے رفع درجات کیلئے دعا ہے۔